اللہ نے انسان کو پیدا کیا۔

حَاسَّةُ السَّمْعِ (سننے کی حس): اَلْأُذُنُ حَاسَّةُ السَّمْعِ۔
کان سننے کی حس ہے۔

اَللِّسَانُ (زبان): اَللِّسَانُ نِعْمَةٌ عَظِيْمَةٌ۔
زبان بڑی نعمت ہے۔

يَعْرِفُ (وہ جانتا ہے): يَعْرِفُ الْإِنْسَانُ نِعْمَةَ رَبِّهٖ۔
انسان اپنے رب کی نعمت جانتا ہے۔

اَلْحَوَاسُّ (حواس): خَلَقَ اللّٰهُ الْحَوَاسَّ الْخَمْسَ۔
اللہ نے حواسِ خمسہ پیدا کیے۔

اَلتَّدْرِيْبُ الرَّابِعُ: هَاتِ / هَاتِيْ مُفْرَدَ الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةِ:

چوتھی مشق: مندرجہ ذیل الفاظ کے مفرد بنائیں۔

أَجْسَامٌ۔ جُلُوْدٌ۔ أَلْسِنَةٌ۔ عُيُوْنٌ۔ أَعْضَاءٌ۔ أَشْيَاءٌ۔

مفرد	جمع	مفرد	جمع
جِسْمٌ (جسم)	أَجْسَامٌ	عَيْنٌ (آنکھ)	عُيُوْنٌ
جِلْدٌ (جلد)	جُلُوْدٌ	عُضْوٌ (عضو)	أَعْضَاءٌ
لِسَانٌ (زبان)	أَلْسِنَةٌ	شَيْءٌ (چیز)	أَشْيَاءٌ

معروضی سوالات

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس, Knowledge, Understanding & Analysis کی روشنی میں مرتب کیے گئے سوالات

☆ درست جواب کا انتخاب کریں۔

1- "جِسْمُ الْإِنْسَانِ" کا معنی ہے؟
(A) حیوان کا جسم (B) پرندے کا جسم (C) انسان کا جسم (D) بچہ کا جسم

2- "أَعْضَاءٌ كَثِيْرَةٌ" ہے۔
(A) مرکب عطفی (B) مرکب توصیفی (C) مرکب اضافی (D) مرکب عددی

3- "اَلْإِنْسَانُ" گرامر کی رُو سے ہے۔
(A) اسم (B) فعل (C) حرف (D) جملہ

4- حَاسَّةُ الْبَصَرِ کا مطلب ہے۔
(A) دیکھنے کی قوت (B) سننے کی قوت (C) چکھنے کی قوت (D) چھونے کی قوت

5- حَاسَّةُ السَّمْعِ هِيَ ——
(A) اَلْأَنْفُ (B) اَللِّسَانُ (C) اَلْأُذُنُ (D) اَلْجِلْدُ

6- "مَأْكُوْلَاتٌ" ہے۔
(A) واحد (B) تثنیہ (C) جمع (D) جملہ

7- "مَشْرُوْبَاتٌ" کی واحد
(A) مَشْرُوْبَةٌ (B) مَشْرُوْبَاةٌ (C) مَشْرَبَةٌ (D) مَشْرُوْبٌ

8- عُضْوٌ کی جمع ہے۔
(A) أَعْضَاءٌ (B) عُضْوَةٌ (C) عَاضَةٌ (D) عُضُوَاتٌ

9- عَيْنٌ کی تثنیہ ہے۔
(A) عَيْنَانِ (B) عَيْنَتَانِ (C) عَيْوَانِ (D) أَعْيُنٌ

10- كُلُّ عُضْوٍ يُؤَدِّيْ ——۔
(A) مَا أَعْطَاهُ اللّٰهُ (B) عَمَلَهُ الْخَاصَّ
(C) مَا يَحْدُثُ حَوْلَهُ (D) مَا يَنْفَعُهُ

☆ مختصر جواب تحریر کریں۔

(١) مَاذَا تُسَمَّى الْأَعْضَاءُ الْحِسِّيَّةُ مِنَ الْإِنْسَانِ؟
جواب: تُسَمَّى الْأَعْضَاءُ الْحِسِّيَّةُ مِنَ الْإِنْسَانِ الْحَوَاسَّ الْخَمْسَ۔

(٢) كَمْ عَيْنًا لِكُلِّ إِنْسَانٍ؟
جواب: لِكُلِّ إِنْسَانٍ عَيْنَانِ يُبْصِرُ بِهِمَا۔

(٣) مَا هِيَ حَاسَّةُ اللَّمْسِ؟
جواب: حَاسَّةُ اللَّمْسِ هُوَ الْجِلْدُ۔

(٤) مَا هِيَ الْأَعْضَاءُ الْأُخْرَى فِيْ جِسْمِ الْإِنْسَانِ؟
جواب: الْأَعْضَاءُ الْأُخْرَى هِيَ: اَلرِّجْلُ وَالْفَخِذُ وَالْبَطْنُ وَالْقَلْبُ۔

(٥) حواسِ خمسہ کا کیا فائدہ ہے؟
جواب: حواسِ خمسہ سے انسان اپنے اردگرد پیش آنے والے حالات کو پہچانتا ہے اور نفع نقصان کا فرق کرتا ہے۔

اَلدَّرْسُ السَّابِعُ (ساتواں سبق)

اَلصِّدْقُ يُنْجِيْ (سچائی نجات دیتی ہے)

اَلصِّدْقُ	صِفَةٌ حَمِيْدَةٌ	يَجِبُ	عَلَى الْإِنْسَانِ	أَنْ يَكُوْنَ	صَادِقًا
سچائی	پسندیدہ صفت	چاہیے	انسان پر	کہ ہو	سچا

سچائی پسندیدہ صفت ہے۔ انسان کو چاہیے کہ اپنے قول اور عمل

فِيْ	قَوْلِهٖ	وَعَمَلِهٖ۔	ذَاتَ يَوْمٍ	دَخَلَتِ	الْأُمُّ
میں	اپنے قول	اور اپنے عمل۔	ایک دن	داخل ہوئی	ماں

میں سچا ہو۔ ایک دن ماں باورچی خانہ میں داخل ہوئی

فِي الْمَطْبَخِ	وَرَأَتْ	أَكْوَابَ الشَّايِ	مَكْسُوْرَةً،	وَقَالَتْ
باورچی خانہ میں	اور اس نے دیکھا	چائے کی پیالیاں	ٹوٹی ہوئیں	اور کہا

اور اس نے دیکھا کہ چائے کی پیالیاں ٹوٹی ہوئی ہیں،

فِيْ	دَهْشَةٍ:	مَا هٰذَا؟	مَنْ	كَسَرَهَا؟	لَاشَكَّ	أَنَّ
میں	حیرانگی:	یہ کیا؟	کس نے	ان کو توڑا؟	یقیناً	بے شک

اس نے حیرانگی سے کہا: یہ کیا؟ کس نے پیالیاں توڑی ہیں؟ یقیناً بلی نے توڑا ہے، یہ

الْقِطَّةَ	كَسَرَتْهَا،	هِيَ	قِطَّةٌ	مُزْعِجَةٌ،	وَنَادَتِ	الْأُمُّ
بلی	ان کو توڑا ہے	یہ	بلی	تنگ کرنے والی	اور پکارا	ماں

اب تنگ کرتی ہے۔ ماں نے خنساء کو آواز دی اور کہا

خَنْسَاءُ،	وَقَالَتْ:	اَلْأَكْوَابُ	مَكْسُوْرَةٌ،	لَابُدَّ	أَنَّ
خنساء،	اور کہا:	پیالیاں	ٹوٹی ہوئی ہیں،	ضرور	بے شک

پیالیاں ٹوٹی ہوئی ہیں، ضرور اس بلی نے ان کو توڑا ہے۔

اَلْقِطَّةَ	كَسَرَتْهَا۔	أَنَا	لَا أُحِبُّ	هٰذِهِ الْقِطَّةَ	يَا خَنْسَاءُ	أَنَا
بلی	ان کو توڑا	میں	نہیں پسند کرتی	اس بلی	اے خنساء	میں

اے خنساء! میں اس بلی کو پسند نہیں کرتی،

أَطْرُدُهَا	مِنَ الْبَيْتِ،	لَا تَعِيْشُ	مَعَنَا	هٰذِهِ	الْقِطَّةُ۔
اس کو بھگا دوں گی	گھر سے	نہیں وہ رہ سکتی	ہمارے ساتھ	یہ	بلی

میں اس کو گھر سے بھگا دوں گی۔ یہ بلی ہمارے ساتھ نہیں

نَظَرَتْ	خَنْسَاءُ	إِلٰى	أُمِّهَا	وَقَالَتْ	فِيْ
دیکھا	خنساء	طرف	اپنی ماں	اور کہا	میں

رہ سکتی۔ خنساء نے اپنی ماں کو دیکھا اور شرمندگی سے کہا:

خَجَلٍ:	يَا أُمِّيْ،	لَا تَطْرُدِيْ	الْقِطَّةَ،	اَلْأَكْوَابُ	سَقَطَتْ
شرمندگی	اے امی جان	نہ بھگایئے	بلی	پیالیاں	گر گئی تھیں

امی جان! آپ بلی کو نہ بھگایئے، یہ پیالیاں

مِنِّيْ،	أَنَا	آسِفَةٌ	عَلٰى	مَا حَدَثَ	مِنِّيْ۔	قَالَتِ	الْأُمُّ:
مجھ سے	میں	شرمندہ ہوں	پر	جو ہوا	مجھ سے	کہا	ماں

مجھ سے گری تھیں، میں اپنے کیے پر شرمندہ ہوں۔

أَنَا	مَسْرُوْرَةٌ	جِدًّا	مِنْ صِدْقِكِ	يَا خَنْسَاءُ،	وَلَقَدْ
میں	خوش	بہت	تمہاری سچائی سے	اے خنساء	اور میں نے

ماں نے کہا: میں تمہاری سچائی سے بہت خوش ہوں

عَفَوْتُ	عَنْكِ،	وَقَالَتْ	إِنَّ	الصِّدْقَ	يُنْجِيْ،
معاف کردیا	تمہیں	اور کہا	بے شک	سچائی	بچاتی ہے

خنساء! میں نے تمہیں معاف کیا، اور پھر کہا:

وَيَرْفَعُ	مَكَانَةَ	الْفَرْدِ	فِي	الْمُجْتَمَعِ	وَيَجْعَلُهٗ
اور بلند کرتی ہے	مقام	انسان	میں	معاشرہ	اور بناتی ہے اس کو

بے شک سچائی بچاتی ہے، معاشرہ میں انسان کا مقام بلند کرتی ہے اور

مَحْبُوْبًا	بَيْنَ النَّاسِ۔	قَالَ	اللّٰهُ تَعَالٰى:	يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ
پسندیدہ	لوگوں کے درمیان	فرمایا	اللہ تعالیٰ	اے جو کہ

لوگوں میں محبوب بناتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

اٰمَنُوا	اتَّقُوا	اللّٰهَ	وَكُوْنُوْا	مَعَ الصّٰدِقِيْنَ۔	وَقَالَ
ایمان لائے	ڈرو تم	اللہ	اور ہو جاؤ	سچوں کے ساتھ	اور فرمایا

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو، اور سچے لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ، اور

اَلرَّسُوْلُ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ	عَلَيْكُمْ	بِالصِّدْقِ	
رسول خاتم النبیین ﷺ	تم اختیار کرو	سچائی	

رسول خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: تم سچائی اختیار کرو، کیونکہ سچائی

فَإِنَّ	الصِّدْقَ	يَهْدِيْ	إِلَى الْبِرِّ،	وَإِنَّ	الْبِرَّ	يَهْدِيْ
کیونکہ بے شک	سچائی	رہنمائی کرتا ہے	نیکی کی طرف	اور بے شک	نیکی	رہنمائی کرتی ہے

نیکی کی طرف رہنمائی کرتی ہے اور نیکی

إِلَى الْجَنَّةِ،	وَمَا يَزَالُ	الرَّجُلُ	يَصْدُقُ	وَيَتَحَرَّى	الصِّدْقَ
جنت کی طرف	اور ہمیشہ	آدمی	سچ بولتا ہے	اور اپنا لیتا ہے	سچائی

جنت میں لے جاتی ہے۔ جب آدمی برابر سچ بولتا ہے اور سچائی

حَتّٰى	يُكْتَبَ	عِنْدَ اللّٰهِ	صِدِّيْقًا،	وَإِيَّاكُمْ	وَالْكِذْبَ،
یہاں تک	وہ لکھ دیا جاتا ہے	اللہ کے پاس	سچا	اور خبردار رہو	جھوٹ سے

کو اپنا لیتا ہے تو اللہ کے ہاں سچا لکھ دیا جاتا ہے۔ اور خبردار جھوٹ نہ بولو

فَإِنَّ الْكِذْبَ	يَهْدِيْ	إِلَى الْفُجُوْرِ،	وَإِنَّ	الْفُجُوْرَ
کیونکہ جھوٹ	رہنمائی کرتا ہے	گناہ کی طرف	اور بے شک	گناہ

کیونکہ جھوٹ گناہ پر آمادہ کرتا ہے اور گناہ انسان کو جہنم کی طرف لے جاتا ہے،

يَهْدِيْ	إِلَى النَّارِ،	وَمَا يَزَالُ	الرَّجُلُ	يَكْذِبُ	وَيَتَحَرَّى
رہنمائی کرتا ہے	آگ کی طرف	اور ہمیشہ	آدمی	جھوٹ بولتا ہے	اور اپنا لیتا ہے

اور جب آدمی مسلسل جھوٹ بولتا ہے اور جھوٹ کو اپنا لیتا ہے

الْكَذِبَ	حَتّٰى	يُكْتَبَ	عِنْدَ اللّٰهِ	كَذَّابًا
جھوٹ	یہاں تک	لکھ دیا جاتا ہے	اللہ کے ہاں	جھوٹا

تو اللہ کے ہاں جھوٹا لکھا جاتا ہے

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ:

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
فَضْلٌ	فضیلت	صِدْقٌ	سچائی
حَمِيْدَةٌ	پسندیدہ	دَائِمًا	ہمیشہ
أَكْوَابٌ	پیالیاں	اَلشَّايُ	چائے
مَكْسُوْرَةٌ	ٹوٹے ہوئے	دَهْشَةٌ	حیرانگی
قِطَّةٌ	بلی	مُزْعِجَةٌ	تنگ کرنے والی
أَطْرُدُ	میں نکال دوں گی	خَجَلٌ	شرمندگی
تَعِيْشُ	وہ رہتی ہے	ذَاتَ يَوْمٍ	ایک دن
مَطْبَخٌ	کچن	لَابُدَّ	ضرور
آسِفَةٌ	شرمندہ	مَسْرُوْرَةٌ	خوش
عَفَوْتُ	میں نے معاف کردیا	اَلْبِرُّ	نیکی/بھلائی
اَلْمُجْتَمَعُ	معاشرہ	مَكَانَةٌ	مقام
اَلصِّدْقُ	سچائی	اَلْكِذْبُ	جھوٹ

اَلتَّدرِيبَاتُ (مشقیں)

اَلتَّدرِيبُ الْأَوَّلُ: أَجِبْ / أَجِيبِي عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ

پہلی مشق: مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

۱۔ أَيْنَ دَخَلَتِ الْأُمُّ؟ — ماں کہاں داخل ہوئی؟
جواب: دَخَلَتِ الْأُمُّ الْمَطْبَخَ؟ — ماں کچن میں داخل ہوئی۔

۲۔ هَلِ الْقِطَّةُ كَسَرَتِ الْأَكْوَابَ؟ — کیا بلی نے پیالیاں توڑیں؟
جواب: لَا، مَا كَسَرَتِ الْقِطَّةُ الْأَكْوَابَ۔
نہیں، بلی نے پیالیاں نہیں توڑیں۔

۳۔ مَنْ كَسَرَتِ الْأَكْوَابَ؟ — پیالیاں کس نے توڑیں؟
جواب: خَنْسَاءُ كَسَرَتِ الْأَكْوَابَ۔ — پیالیاں خنساء نے توڑیں۔

٤۔ مَاهِيَ نَتِيجَةُ هٰذِهِ الْحِكَايَةِ؟ — اس کہانی کا نتیجہ کیا ہے؟
جواب: نَتِيجَةُ هٰذِهِ الْحِكَايَةِ "اَلصِّدْقُ يُنْجِي"
اس کہانی کا نتیجہ ہے: "سچائی نجات دیتی ہے۔"

اَلتَّدرِيبُ الثَّانِي: اِقْرَأْ / اِقْرَئِي الْكَلِمَاتِ التَّالِيَةِ مَعَ "اَلْ" كَمَا فِي الْمِثَالِ:

دوسری مشق: مثال کے مطابق مندرجہ ذیل الفاظ کو "ال" کے ساتھ لگائیں۔

اَلْمِثَالُ: صِفَةٌ اَلصِّفَةُ

كِذْبٌ (جھوٹ)	اَلْكِذْبُ	أَكْوَابٌ (پیالیاں)	اَلْأَكْوَابُ
بِنْتٌ (لڑکی)	اَلْبِنْتُ	إِنْسَانٌ (انسان)	اَلْإِنْسَانُ
دَرْسٌ (سبق)	اَلدَّرْسُ	يَوْمٌ (دن)	اَلْيَوْمُ
أُمٌّ (ماں)	اَلْأُمُّ	فَضْلٌ (فضیلت)	اَلْفَضْلُ
صِدْقٌ (سچائی)	اَلصِّدْقُ	قِطَّةٌ (بلی)	اَلْقِطَّةُ
بَيْتٌ (گھر)	اَلْبَيْتُ	رَجُلٌ (آدمی)	اَلرَّجُلُ

اَلتَّدرِيبُ الثَّالِثُ: اِخْتَرْ / اِخْتَارِي الْإِجَابَةَ الصَّحِيحَةَ بِوَضْعِ عَلَامَةِ (✓):

تیسری مشق: صحیح جواب کے سامنے (✓) کا نشان لگائیں۔

(۱) تَدُلُّ هٰذِهِ الْحِكَايَةُ عَلٰى:
ذَكَاءِ بِنْتٍ صَغِيرَةٍ۔ صِدْقِ بِنْتٍ صَغِيرَةٍ۔
كِذْبِ بِنْتٍ صَغِيرَةٍ۔

(۲) قَالَتِ الْأُمُّ:
أَنَا مَسْرُورَةٌ۔ أَنَا حَزِينَةٌ۔ أَنَا صَادِقَةٌ۔

(۳) اَلصِّدْقُ صِفَةٌ:
حَسَنَةٌ۔ حَمِيدَةٌ۔ جَدِيدَةٌ۔

جوابات: (ا) صِدْقِ بِنْتٍ صَغِيرَةٍ۔ (۲) أَنَا مَسْرُورَةٌ۔
(۳) حَمِيدَةٌ۔

اَلتَّدرِيبُ الرَّابِعُ: صِلْ / صِلِي الْمُفْرَدَ بِالْجَمْعِ الْمُنَاسِبِ بِمَا يَلِي:

چوتھی مشق: مفرد کو مناسب جمع کے ساتھ ملائیں۔

اَلْمُفْرَدُ		اَلْجَمْعُ	جواب
صِفَةٌ	(صفت)	قِطَطٌ	صِفَاتٌ
بَيْتٌ	(گھر)	بَنَاتٌ	بُيُوتٌ
أُمٌّ	(ماں)	صِفَاتٌ	أُمَّهَاتٌ
بِنْتٌ	(لڑکی)	أُمَّهَاتٌ	بَنَاتٌ
قِطَّةٌ	(بلی)	بُيُوتٌ	قِطَطٌ

اَلتَّدرِيبُ الْخَامِسُ: تَرْجِمْ / تَرْجِمِي الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

پانچویں مشق: مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

ا۔ ماں کچن میں داخل ہوئی۔
دَخَلَتِ الْأُمُّ فِي الْمَطْبَخِ۔

۲۔ میں تمہارے سچ بولنے پر بہت خوش ہوں۔
أَنَا مَسْرُورَةٌ عَلٰى صِدْقِكِ۔

۳۔ سچائی ایک اچھی صفت ہے۔
اَلصِّدْقُ صِفَةٌ حَمِيدَةٌ۔

۴۔ انسان کو ہمیشہ سچا ہونا چاہیے۔
لَابُدَّ لِلْإِنْسَانِ أَنْ يَكُونَ صِدِّيقًا۔

اَلتَّدرِيبُ السَّادِسُ: اِقْرَأْ / اِقْرَئِي الْجُمَلَ الْآتِيَةَ وَمَيِّزْ / مَيِّزِي بَيْنَ الْجُمَلِ الْإِسْمِيَّةِ وَالْفِعْلِيَّةِ:

چھٹی مشق: مندرجہ ذیل جملوں کو پڑھیں اور جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ میں فرق کریں۔

(۱) كَتَبَ التِّلْمِيذُ الدَّرْسَ۔
طالب علم نے سبق پڑھا۔ — الجملة الفعلية۔

(۲) اَلْكِتَابُ جَدِيدٌ۔
کتاب نئی ہے۔ — الجملة الإسمية۔

(۳) ذَهَبَ رَاشِدٌ إِلَى الْمَدْرَسَةِ۔
راشد سکول گیا۔ — الجملة الفعلية۔

(٤) فِي الْحَدِيقَةِ أَزْهَارٌ كَثِيرَةٌ۔
باغ میں بہت سے پھول ہیں۔ — الجملة الإسمية۔

(٥) أَكْتُبُ رِسَالَةً۔
میں خط لکھتا ہوں۔ — الجملة الفعلية۔

معروضی سوالات

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس, Knowledge, Understanding & Analysis کی روشنی میں مرتب کیے گئے سوالات

☆ درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ "اَلصِّدْقُ" کا معنی ہے۔
(A) جھوٹ **(B) سچ** (C) نیکی (D) برائی

۲۔ "يَجِبُ" ہے۔
(A) فعل ماضی (B) فعل امر **(C) فعل مضارع** (D) فعل نہی

۳۔ "أَكْوَابٌ" کا مفرد ہے۔
(A) كُوبٌ (B) كَوَابٌ (C) كُوبَةٌ (D) كَوَابِبُ

۴۔ اَلصِّدْقُ صِفَةٌ ————
(A) جَدِيدَةٌ **(B) حَمِيدَةٌ** (C) قَبِيحَةٌ (D) قَدِيمَةٌ

۵۔ لَاتَعِيشُ مَعَنَا ———— الْقِطَّةُ۔
(A) هٰذَا **(B) هٰذِهِ** (C) هٰؤُلَاءِ (D) تِلْكَ

۶۔ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي الْقُرْآنِ كُونُوا مَعَ ————
(A) الصَّالِحِينَ **(B) الصَّادِقِينَ** (C) الْمُجْرِمِينَ (D) الْكَاذِبِينَ

۷۔ عِنْدَ اللّٰهِ ہے۔
(A) مرکب اضافی (B) مرکب عطفی (C) مرکب توصیفی (D) مرکب عطفی

☆ مختصر جواب تحریر کریں۔

(۱) مَاهِيَ أَهَمِّيَّةُ الصِّدْقِ؟
جواب: اَلصِّدْقُ صِفَةٌ حَمِيدَةٌ۔

(۲) مَاهِيَ الْأَشْيَاءُ الَّتِي كَانَتْ مَكْسُورَةً فِي الْمَطْبَخِ؟
جواب: أَكْوَابُ الشَّايِ كَانَتْ مَكْسُورَةً۔

(۳) لِمَنْ كَانَتِ الْقِطَّةُ؟
جواب: كَانَتِ الْقِطَّةُ لِخَنْسَاءَ۔

(٤) مَاهُوَ الْعَمَلُ الَّذِي يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ؟
جواب: اَلصِّدْقُ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ۔

(٥) سچ اور جھوٹ کے بارے میں ایک حدیث کا مفہوم بیان کریں۔
جواب: نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: تم سچائی اختیار کرو کیونکہ سچائی نیکی کی طرف رہنمائی کرتی ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے، جبکہ جھوٹ گناہ پر آمادہ کرتا ہے اور گناہ انسان کو جہنم کی طرف لے جاتا ہے۔

اَلدَّرْسُ الثَّامِنُ (آٹھواں سبق)

حِفْظُ اللِّسَانِ (زبان کی حفاظت)

اَللِّسَانُ	نِعْمَةٌ عَظِيمَةٌ،	وَهِيَ	وَسِيلَةُ الْإِتِّصَالِ۔	مَيَّزَ	اللّٰهُ تَعَالٰى
زبان	بہت بڑی نعمت	اور یہ	باہمی تعلق کا ذریعہ	کیا	اللہ تعالیٰ

زبان بڑی نعمت ہے۔ اور یہ باہمی تعلق کا ذریعہ ہے۔

اَلْإِنْسَانَ	بِاللِّسَانِ	وَالْعَقْلِ	عَنِ الْمَخْلُوقَاتِ الْأُخْرٰى۔
انسان	زبان کے ساتھ	اور عقل	دیگر مخلوقات سے

اللہ تعالیٰ نے انسان کو دیگر مخلوقات سے زبان اور عقل کی وجہ سے نمایاں مقام

يَجِبُ	عَلَى	الْإِنْسَانِ	أَنْ يَشْكُرَ	اللّٰهَ تَعَالٰى	عَلٰى	هٰذِهِ النِّعْمَةِ،
چاہیے	پر	انسان	کہ شکر کرے	اللہ تعالیٰ	پر	اس نعمت

عطا کیا ہے۔ انسان کو چاہیے کہ اس نعمت پر اللہ کا شکر ادا کرے

وَأَحْسَنُ الشُّكْرِ،	اَلْمُحَافَظَةُ	عَلَى اللِّسَانِ	مَا الْمَقْصُودُ	بِحِفْظِ اللِّسَانِ؟
اور بہترین	حفاظت	زبان پر	کیا مقصد ہے	زبان کی حفاظت کا

اور بہترین شکر زبان کی حفاظت ہے۔ زبان کی حفاظت کا کیا مقصد ہے؟ زبان کی حفاظت

اَلْمَقْصُودُ	بِحِفْظِ اللِّسَانِ	هُوَ:	أَنْ لَا يَكْذِبَ	الْإِنْسَانُ
مقصد ہے	زبان کی حفاظت کا	یہ	کہ جھوٹ نہ بولے	انسان

کا مطلب ہے کہ انسان اپنی زبان سے جھوٹ نہ بولے، نہ کسی کو

بِلِسَانِهٖ	وَلَا يَسُبُّ	وَلَا يَشْتِمُ	أَحَدًا،	وَأَنْ	يُجَنِّبَ	لِسَانَهٗ
اپنی زبان سے	اور نہ گالی دے	اور گالی گلوچ نہ کرے	کسی کو،	اور یہ کہ	بچائے	اپنی زبان

گالیاں دے نہ گالی گلوچ کرے، اور زبان

مِنَ الْغِيبَةِ وَالنَّمِيمَةِ۔	وَمِنْ	حِفْظِ اللِّسَانِ	كَثْرَةُ	ذِكْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى
غیبت اور چغل خوری سے	اور سے	زبان کی حفاظت	کثرت	اللہ تعالیٰ کا ذکر

کو غیبت اور چغل خوری سے بچائے، زبان کی حفاظت

بِاللِّسَانِ،	وَتِلَاوَةُ	الْقُرْآنِ الْكَرِيمِ،	وَمُخَاطَبَةُ	النَّاسِ
زبان سے	اور تلاوت	قرآن کریم	اور گفتگو کرنا	لوگوں

کا ایک طریقہ اللہ کا ذکر، قرآن مجید کی تلاوت،

بِالْكَلَامِ	الْحَسَنِ۔	يَجِبُ	أَنْ يَكُونَ	الْمُسْلِمُ	مُسْتَقِيمًا	فِي
کلام	اچھے	چاہیے کہ	کہ ہو	مسلمان	درست	میں

اور لوگوں سے اچھے انداز میں گفتگو کرنا ہے۔ ایک مسلمان کو

قَوْلِهٖ	وَفِعْلِهٖ،	وَلَا يُؤْذِيْ	بِلِسَانِهٖ	أَحَدًا	مِنَ
اپنے قول	اور اپنے فعل	اور تکلیف نہ دے	اپنی زبان سے	کسی	میں سے

چاہیے کہ اپنے قول و فعل میں سچا ہو۔ اور اپنی زبان سے کسی مسلمان

اَلْمُسْلِمِيْنَ،	قَالَ	رَسُوْلُ اللّٰهِ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ:
مسلمانوں	فرمایا	رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ

کو تکلیف نہ دے۔ رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا:

اَلْمُسْلِمُ	مَنْ	سَلِمَ	الْمُسْلِمُوْنَ	مِنْ	لِسَانِهٖ	وَيَدِهٖ
مسلمان	جو	بچائے	مسلمانوں کو	سے	اس کی زبان	اور اس کا ہاتھ

مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ:

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اَلْإِتِّصَالُ	رابطہ	اَلنَّمِيْمَةُ	چغل خوری
اَلسَّبُّ	گالی	اَلشَّتْمُ	گالی گلوچ
سَلِمَ	محفوظ رہا	يُؤْذِيْ	وہ تکلیف پہنچاتا ہے
يَجِبُ	اُس (مرد) کو چاہیے	يُجَنِّبُ	وہ اپنی زبان بچاتا ہے
مُسْتَقِيْمًا	ثابت قدم/سیدھا	يَدٌ	ہاتھ
نَافِعٌ	فائدہ مند	حِفْظٌ	حفاظت کرنا

اَلتَّدْرِيْبَاتُ (مشقیں)

اَلتَّدْرِيْبُ الْأَوَّلُ: أَجِبْ / أَجِيْبِيْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْاٰتِيَةِ:

پہلی مشق: مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

۱۔ بِأَيِّ شَيْءٍ مَيَّزَ اللّٰهُ تَعَالَى الْإِنْسَانَ عَنِ الْمَخْلُوْقَاتِ الْأُخْرٰى؟
اللہ تعالیٰ نے انسان کو دیگر جانوروں سے کس چیز سے الگ کیا؟

جواب: مَيَّزَ اللّٰهُ الْإِنْسَانَ عَنِ الْمَخْلُوْقَاتِ الْأُخْرٰى بِاللِّسَانِ وَالْعَقْلِ۔
اللہ تعالیٰ نے عقل اور زبان کی وجہ سے انسان کو دیگر مخلوقات سے ممتاز کیا۔

۲۔ مَا هُوَ أَحْسَنُ الشُّكْرِ عَلٰى نِعْمَةِ اللِّسَانِ؟
زبان کی نعمت پر، بہترین شکر کیا ہے؟

جواب: أَحْسَنُ الشُّكْرِ عَلٰى نِعْمَةِ اللِّسَانِ، حِفْظُ اللِّسَانِ۔
زبان کی نعمت پر بہترین شکر، زبان کی حفاظت ہے۔

۳۔ مَاذَا يُقْصَدُ بِحِفْظِ اللِّسَانِ؟
زبان کی حفاظت کا کیا مطلب ہے؟

جواب: يُقْصَدُ بِحِفْظِ اللِّسَانِ هُوَ أَنْ لَا يَكْذِبَ، وَلَا يَسُبَّ أَحَدًا وَيَتَجَنَّبُ مِنَ الْغِيْبَةِ وَالنَّمِيْمَةِ۔
۔ زبان کی حفاظت کا مطلب ہے کہ انسان جھوٹ نہ بولے، کسی کو گالی نہ دے، غیبت اور چغل خوری سے بچے۔

٤۔ هَلِ اللِّسَانُ وَسِيْلَةُ الْإِتِّصَالِ؟
کیا زبان باہمی تعلق کا ذریعہ ہے؟

جواب: نَعَمْ، اَللِّسَانُ وَسِيْلَةُ الْإِتِّصَالِ۔
ہاں زبان باہمی تعلق کا ذریعہ ہے۔

٥۔ اُذْكُرْ/اُذْكُرِيْ قَوْلَ الرَّسُوْلِ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ فِيْ حِفْظِ اللِّسَانِ۔
زبان کی حفاظت کے بارے میں رسول خاتم النبیین ﷺ کا ارشاد گرامی۔

جواب: قَالَ الرَّسُوْلُ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ ﷺ: اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔
رسول خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا، مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ: رَتِّبْ / رَتِّبِيْ الْكَلِمَاتِ لِتُصْبِحَ جُمَلًا مُفِيْدَةً كَمَا فِي الْمِثَالِ۔

دوسری مشق: مشق کے مطابق کلمات کو ترتیب دے کر صحیح جملے بنائیں۔

اَلْمِثَالُ: لِسَانِهٖ _ سَلِمَ _ اَلْمُسْلِمُ _ مِنْ _ الْمُسْلِمُوْنَ _ مَنْ _ يَدِهٖ _ وَ
اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ

۱۔ هٰذِهٖ _ أَنْ _ النِّعْمَةِ _ تَشْكُرَ _ اللّٰهَ _ عَلٰى _ يَجِبُ
جواب: يَجِبُ أَنْ تَشْكُرَ اللّٰهَ عَلٰى هٰذِهِ النِّعْمَةِ
(ہمیں اس نعمت پر اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیے)

۲۔ الْعِلْمِ _ حِفْظِ _ تَعَلُّمُ _ مِنْ _ النَّافِعِ _ اللِّسَانِ
جواب: تَعَلُّمُ اللِّسَانِ النَّافِعِ مِنْ حِفْظِ الْعِلْمِ۔
(علم کی حفاظت کا ایک ذریعہ علم نافع حاصل کرنا ہے)

۳۔ بِاللِّسَانِ مَيَّزَ اللّٰهُ _ الْإِنْسَانَ _ تَعَالٰى
جواب: مَيَّزَ اللّٰهُ تَعَالَى الْإِنْسَانَ بِاللِّسَانِ۔
(اللہ تعالیٰ نے انسان کو زبان کی وجہ سے ممتاز کیا)

٤۔ يُحَافِظُ _ لِسَانِهٖ _ عَلٰى _ اَلْمُسْلِمُ
جواب: اَلْمُسْلِمُ يُحَافِظُ عَلٰى لِسَانِهٖ
(مسلمان اپنی زبان کی حفاظت کرتا ہے۔)

٥۔ عَظِيْمَةٌ _ اَللِّسَانُ _ نِعْمَةٌ
جواب: اَللِّسَانُ نِعْمَةٌ عَظِيْمَةٌ ۔ (زبان بہت بڑی نعمت ہے۔)

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ: كَوِّنْ/كَوِّنِيْ جُمَلًا مُفِيْدَةً مِنَ الْكَلِمَاتِ الْاٰتِيَةِ:

تیسری مشق: مندرجہ ذیل الفاظ سے جملے بنائیں۔

وَسِيْلَةٌ۔ نِعْمَةٌ۔ حِفْظٌ۔ مَخْلُوْقَاتٌ مُسْلِمٌ۔ مَقْصُوْدٌ۔ لِسَانٌ۔ يَجِبُ۔

جواب:

وَسِيْلَةٌ (ذریعہ) : اَللِّسَانُ وَسِيْلَةُ الْإِتِّصَالِ۔
زبان باہمی تعلق کا ذریعہ ہے۔

نِعْمَةٌ (نعمت) : اَللِّسَانُ نِعْمَةٌ عَظِيْمَةٌ۔
زبان بڑی نعمت ہے۔

حِفْظٌ (یاد کرنا) : حِفْظُ اللِّسَانِ ضَرُوْرِيٌّ۔
زبان کی حفاظت ضروری ہے۔

مَخْلُوْقَاتٌ (مخلوقات): اَلْإِنْسَانُ أَشْرَفُ الْمَخْلُوْقَاتِ۔
انسان اشرف المخلوقات ہے۔

مُسْلِمٌ (مسلمان) : أَنَا مُسْلِمٌ۔ میں مسلمان ہوں۔

مَقْصُوْدٌ (مقصد) : حِفْظُ اللِّسَانِ مَقْصُوْدٌ۔
زبان کی حفاظت مطلوب ہے۔

لِسَانٌ (زبان) : اَلْإِنْسَانُ بِاللِّسَانِ۔
انسان زبان کے ساتھ ہے۔

يَجِبُ (چاہیے) : يَجِبُ أَنْ نَحْفَظَ عَلَى اللِّسَانِ۔
ہمیں چاہیے کہ زبان کی حفاظت کریں۔

اَلتَّدْرِيْبُ الرَّابِعُ: تَرْجِمْ/تَرْجِمِيْ الْجُمَلَ الْاٰتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ:

چوتھی مشق: مندرجہ ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کریں۔

۱۔ انسان اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہے۔
اَلْإِنْسَانُ يَشْكُرُ اللّٰهَ تَعَالٰى۔

۲۔ زبان دوسروں سے رابطے کا ذریعہ ہے۔
اَللِّسَانُ وَسِيْلَةُ الْإِتِّصَالِ مَعَ الْاٰخَرِيْنَ۔

۳۔ مسلمان وہ ہے جس کی زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔
اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔

۴۔ زبان ایک عظیم نعمت ہے۔
اَللِّسَانُ نِعْمَةٌ عَظِيْمَةٌ۔

اَلتَّدْرِيْبُ الْخَامِسُ: مَيِّزْ/مَيِّزِيْ بَيْنَ الْجُمْلَةِ الْإِسْمِيَّةِ وَالْفِعْلِيَّةِ مِمَّا يَلِيْ:

پانچویں مشق: جملہ اسمیہ اور فعلیہ کے درمیان فرق بتائیں۔

۱۔ ذَهَبَ الطَّالِبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ۔
طالب علم سکول گیا۔ — الجملة الفعلية

۲۔ اَلْعَقْلُ نِعْمَةٌ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى۔
عقل اللہ کی طرف سے نعمت ہے۔ — الجملة الإسمية

۳۔ اَلْمُسْلِمُ صَادِقٌ۔
مسلمان سچا ہے۔ — الجملة الإسمية

٤۔ اَلْكُتُبُ فِي الْحَقِيْبَةِ وَالْقَلَمُ فِي الْجَيْبِ۔
کتابیں بیگ میں اور قلم جیب میں ہے۔ — الجملة الإسمية

٥۔ أَتَكَلَّمُ بِاللُّغَةِ الْعَرَبِيَّةِ۔
میں عربی زبان بولتا ہوں۔ — الجملة الإسمية

معروضی سوالات

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس Knowledge, Understanding, & Analysis کی روشنی میں مرتب کیے گئے سوالات

☆ درست جواب کا انتخاب کریں۔

1- حِفْظُ اللِّسَانِ کا معنی ہے۔
(A) زبان کی حفاظت (B) کان کی حفاظت
(C) آنکھ کی حفاظت (D) عقل کی حفاظت

2- نِعْمَةٌ عَظِيْمَةٌ ہے۔
(A) مرکب عدد (B) مرکب عطفی (C) مرکب اضافی (D) مرکب توصیفی

3- مَيَّزَ اللّٰهُ تَعَالَى الْإِنْسَانَ ------------۔
(A) بِاللِّسَانِ وَالْعَقْلِ (B) عَلَى اللِّسَانِ وَالْعَقْلِ
(C) فِي اللِّسَانِ وَالْعَقْلِ (D) مِنَ اللِّسَانِ وَالْعَقْلِ

4- يَشْتِمُ صیغہ ہے۔
(A) فعل ماضی کا (B) فعل امر کا (C) فعل مضارع کا (D) فعل نہی کا

5- هَلِ اللِّسَانُ وَسِيْلَةُ الْإِتِّصَالِ۔
(A) لٰكِن (B) لَا (C) نَعَمْ (D) كَيْفَ

6- اَلْعَقْلُ نِعْمَةٌ مِنَ ------------۔
(A) رَسُوْلِ اللّٰهِ (B) اللّٰهِ تَعَالٰى (C) حَبِيْبِ اللّٰهِ (D) لَا أَحَد

7- اَلْمُسْلِمُوْنَ ہے۔
(A) جمع (B) واحد (C) تثنیہ (D) مرکب

☆ مختصر جواب تحریر کریں۔

(۱) مَا هِيَ أَهَمِّيَّةُ اللِّسَانِ؟
جواب: اَللِّسَانُ نِعْمَةٌ عَظِيْمَةٌ۔

(۲) مَا هِيَ طَرِيْقَةُ حِفْظِ اللِّسَانِ؟
جواب: كَثْرَةُ ذِكْرِ اللّٰهِ، وَتِلَاوَةُ الْقُرْاٰنِ الْكَرِيْمِ وَمُخَاطَبَةُ النَّاسِ بِالْكَلَامِ الْحَسَنِ۔

(۳) هَلْ يَجِبُ عَلَى الْمُسْلِمِ اَنْ يَكُوْنَ صَادِقًا۔
جواب: نَعَمْ، يَجِبُ عَلَى الْمُسْلِمِ اَنْ يَكُوْنَ مُسْتَقِيْمًا فِيْ قَوْلِهٖ وَفِعْلِهٖ۔

(٤) زبان کی حفاظت سے کیا مراد ہے؟
جواب: زبان کی حفاظت کا مطلب ہے کہ جھوٹ نہ بولنا، گالیاں نہ دینا اور زبان کو غیبت اور چغل خوری سے بچانا۔

(٥) سچائی کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔
جواب: ایک مسلمان کو چاہیے کہ اپنے قول اور فعل میں سچا ہو اور اپنی زبان سے کسی مسلمان کو تکلیف نہ دے۔

اَلدَّرْسُ التَّاسِعُ (نواں سبق)

بَاكِسْتَانُ: اَلْجُمْهُوْرِيَّةُ الْإِسْلَامِيَّةُ
(اسلامی جمہوریہ پاکستان)

بَاكِسْتَانُ	دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ،	تَقَعُ	فِيْ	جُنُوْبِ	قَارَةِ آسِيَا۔
پاکستان	اسلامی ملک،	واقع ہے	میں	جنوب	براعظم ایشیا

پاکستان اسلامی ملک ہے، یہ براعظم ایشیا میں واقع ہے۔

اَلْإِسْمُ الرَّسْمِيُّ	لَهَا	هُوَ:	جُمْهُوْرِيَّةُ	بَاكِسْتَانَ	الْإِسْلَامِيَّةُ،	مَعْنٰى
نام سرکاری	اس کا	ہے:	جمہوریہ	پاکستان	اسلامی	معنی

اس کا سرکاری نام اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے، لفظ پاکستان

كَلِمَةِ	بَاكِسْتَانَ:	"اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ"۔	اَلدُّوَلُ	اَلْمُجَاوِرَةُ
لفظ	پاکستان	پاک زمین	ممالک	پڑوسی

کا مطلب ہے پاک سرزمین۔ پاکستان کے پڑوسی ممالک

لِبَاكِسْتَانَ	هِيَ:	أَفْغَانِسْتَانُ	إِيْرَانُ	اَلْهِنْدُ	وَالصِّيْنُ
پاکستان کے	وہ ہیں:	افغانستان	ایران	ہندوستان	اور چین

افغانستان، ایران، بھارت اور چین ہیں

تَحُدُّ	أَفْغَانِسْتَانُ	مِنْ	نَاحِيَةِ الْغَرْبِ	وَالشِّمَالِ،
پاکستان کے	افغانستان	سے	مغرب کی طرف	اور شمال،

اس کی سرحدیں مغرب اور شمال میں افغانستان،

وَإِيْرَانُ	مِنْ	نَاحِيَةِ الْغَرْبِ	وَالْهِنْدُ	مِنْ	نَاحِيَةِ الْجُنُوْبِ وَالشَّرْقِ،
اور ایران	سے	مغرب کی طرف	اور ہندوستان	سے	جنوب مشرق کی طرف

اور مغرب میں ایران ، جنوب اور مشرق میں ہندوستان

وَالصِّيْنُ	مِنْ	نَاحِيَةِ الشِّمَالِ وَالشَّرْقِ۔	إِسْتَقَلَّتْ	بَاكِسْتَانُ	فِيْ
اور چین	سے	شمال مشرق کی طرف	آزاد ہوا	پاکستان	میں

اور شمال اور مشرق میں چین سے ملتی ہیں۔

الرَّابِعَ عَشَرَ	مِنْ	شَهْرِ	أَغُسْطُسْ	سَنَةَ	أَلْفٍ	وَتِسْعِ مِائَةٍ
چودہ	سے	مہینا	اگست	سن	ہزار	نوسو

پاکستان چودہ اگست انیس سو سینتالیس

وَسَبْعٍ وَأَرْبَعِيْنَ	مِيْلَادِيَّةٍ	(١٤/٨/١٩٤٧م)۔	اَلْقَائِدُ الْأَعْظَمُ
اور سنتالیس	عیسوی	(١٤/٨/١٩٤٧م)۔	قائداعظم

کو آزاد ہوا۔ قائداعظم محمد علی جناح وہ

مُحَمَّدُ عَلِيْ جِنَاحْ	هُوَ	مُؤَسِّسُ بَاكِسْتَانَ،	وَكَذٰلِكَ	اَلْحَاكِمُ الْأَوَّلُ
محمد علی جناح	وہ	پاکستان کے بانی	اور ایسے ہی	پہلے گورنر جنرل

پاکستان کے بانی اور پہلے گورنر جنرل تھے

لَهَا۔	تَنْقَسِمُ	بَاكِسْتَانُ	إِدَارِيًّا	إِلٰى	أَرْبَعَةِ أَقَالِيْمَ
اس کے لیے	منقسم ہے	پاکستان	انتظامی لحاظ سے	کی طرف	چار صوبے

انتظامی لحاظ سے پاکستان چار صوبوں

وَهِيَ:	إِقْلِيْمُ	بَنْجَابْ،	إِقْلِيْمُ	السِّنْدِ،	إِقْلِيْمُ
اور وہ ہیں	صوبہ	پنجاب	صوبہ	سندھ،	صوبہ

میں منقسم ہے: صوبہ پنجاب ، صوبہ سندھ،

خَيْبَرِ	بَخْتُوْنَ خَوَاهْ	وَإِقْلِيْمُ	بَلُوْشِسْتَانَ۔	عَاصِمَةُ	بَاكِسْتَانَ
خیبر	پختون خواہ	اور صوبہ	بلوچستان۔	دارالخلافہ	پاکستان

صوبہ خیبر پختون خواہ اور صوبہ بلوچستان۔

هِيَ	مَدِيْنَةُ	إِسْلَامَ آبَادْ،	وَالْمُدُنُ	الْأُخْرَى الْكَبِيْرَةُ
وہ ہیں	شہر	اسلام آباد	اور شہر (جمع)	دیگر بڑے

پاکستان کا دارالخلافہ اسلام آباد کا شہر ہے۔

هِيَ	مَدِيْنَةُ	كَرَاتْشِيْ،	لَاهُوْرَ،	بَشَاوَرْ،	فَيْصَلْ آبَادْ،
وہ ہیں	شہر	کراچی،	لاہور،	پشاور،	فیصل آباد،

دیگر بڑے شہروں میں سے کراچی، لاہور، پشاور، فیصل آباد،

مُلْتَانْ،	كُوَيْتَةْ،	حَيْدَرَآبَادْ	وَكُوْجَرَانْوَالَهْ۔	اَللُّغَةُ الْقَوْمِيَّةُ
ملتان،	کوئٹہ،	حیدرآباد	اور گوجرانوالہ۔	قومی زبان

ملتان، کوئٹہ، حیدرآباد اور گوجرانوالہ ہیں۔

لِلشَّعْبِ الْبَاكِسْتَانِيْ	هِيَ	اللُّغَةُ الْأُرْدِيَّةُ۔	وَاللُّغَةُ الرَّسْمِيَّةُ
پاکستانی قوم کے لیے	وہ ہے	اُردو زبان	اور سرکاری زبان

پاکستانی عوام کی قومی زبان اُردو

هِيَ	اللُّغَةُ الْإِنْجِلِيْزِيَّةُ۔	اَلنِّظَامُ الْإِقْتِصَادِيُّ	فِيْ	بَاكِسْتَانَ
وہ ہے	انگریزی زبان	اقتصادی نظام	میں	پاکستان

اور سرکاری زبان انگریزی ہے۔ پاکستان کے اقتصادی نظام

يَعْتَمِدُ	أَسَاسًا	عَلَى الزِّرَاعَةِ	وَالصِّنَاعَةِ،	فَهِيَ
انحصار کرتا ہے	بنیادی طور پر	زراعت پر	اور صنعت پر	پس وہ

کا انحصار بنیادی طور پر زراعت اور صنعت پر ہے، گویا یہ ایک

دَوْلَةٌ زِرَاعِيَّةٌ	وَصِنَاعِيَّةٌ۔	لِبَاكِسْتَانَ	مَكَانَةٌ عَالِيَةٌ	بَيْنَ
زرعی ملک	اور صنعتی	پاکستان کا	بلند مقام	درمیان

زرعی اور صنعتی ملک ہے۔ پاکستان کی جغرافیائی اور سیاسی اہمیت کی

الدُّوَلِ الْإِسْلَامِيَّةِ	وَالْعَالَمِيَّةِ	لِأَهَمِّيَّتِهَا	الْجُغْرَافِيَّةِ وَالسِّيَاسِيَّةِ۔
ممالک اسلامیہ	اور عالمی ممالک	اپنی اہمیت کی وجہ سے	جغرافیائی اور سیاسی

وجہ سے اسلامی اور عالمی ممالک میں اس کا بلند مقام ہے

تُحِبُّ	دَوْلَةُ بَاكِسْتَانَ	أَنْ تَعِيْشَ	بِعَلَاقَاتٍ
پسند کرتا ہے	مملکت پاکستان	کہ زندہ رہے	تعلقات

پاکستان چاہتا ہے کہ تمام

جَيِّدَةٍ	مَعَ	جَمِيْعِ	دُوَلِ الْعَالَمِ۔
اچھے	ساتھ	تمام	عالمی ممالک

عالمی ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات قائم رکھے



اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ:

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
دَوْلَةٌ	ملک	تَقَعُ	وہ واقع ہے
قَارَّةٌ	براعظم	أَقَالِيْمُ	صوبے
اَلدُّوَلُ	ممالک	مُدُنٌ	شہر (جمع)
آسِيَا	ایشیا	اَلرَّسْمِيُّ	سرکاری
الْأَرْضُ	زمین	طَاهِرَةٌ	پاک
اَلْمُجَاوِرَةُ	پڑوسی	تَحُدُّ	سرحد ملتی ہے
نَاحِيَةٌ	طرف/جانب	مِائَةٌ	سو
إِسْتَقَلَّتْ	آزاد ہوا	عَاصِمَةٌ	دارالحکومت
شَعْبٌ	قوم	مُؤَسِّسٌ	بانی
اَللُّغَةُ	زبان	جَيِّدَةٌ	اچھے

اَلتَّدْرِيْبَاتُ (مشقیں)

اَلتَّدْرِيْبُ الْأَوَّلُ: صِلْ / صِلِيْ السُّؤَالَ بِالْجَوَابِ الْمُنَاسِبِ، ثُمَّ قُمْ / قُوْمِيْ بِالْحِوَارِ مَعَ الزُّمَلَاءِ / الزَّمِيْلَاتِ:

پہلی مشق: سوال کو مناسب جواب کے ساتھ ملائیں۔ پھر ان کا مکالمہ اپنے ہم جماعت دوستوں کے ساتھ کریں۔

اَلسُّؤَالُ	اَلْجَوَابُ
مَا مَعْنٰى كَلِمَةِ بَاكِسْتَانَ؟	مُؤَسِّسُ بَاكِسْتَانَ هُوَ مُحَمَّدُ عَلِيْ جِنَاحْ
هَلْ بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ؟	اَلْإِسْمُ الرَّسْمِيُّ هُوَ: جُمْهُوْرِيَّةُ بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةُ
أَيْنَ تَقَعُ بَاكِسْتَانُ؟	نَعَمْ، بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ
مَا هُوَ الْإِسْمُ الرَّسْمِيُّ لِبَاكِسْتَانَ؟	تَقَعُ فِيْ جُنُوْبِ قَارَةِ آسِيَا
مَنْ مُؤَسِّسُ بَاكِسْتَانَ؟	مَعْنٰى بَاكِسْتَانَ: اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ

جواب:

اَلسُّؤَالُ	اَلْجَوَابُ
مَا مَعْنٰى كَلِمَةِ بَاكِسْتَانَ؟ لفظ پاکستان کا کیا معنی ہے؟	مَعْنٰى بَاكِسْتَانَ: اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ پاکستان کا معنی ہے: پاک سرزمین
هَلْ بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ؟ کیا پاکستان اسلامی ملک ہے؟	نَعَمْ، بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ ہاں، پاکستان اسلامی ملک ہے۔
أَيْنَ تَقَعُ بَاكِسْتَانُ؟ پاکستان کہاں واقع ہے؟	تَقَعُ فِيْ جُنُوْبِ قَارَةِ آسِيَا وہ براعظم ایشیا کے جنوب میں واقع ہے۔
مَا هُوَ الْإِسْمُ الرَّسْمِيُّ لِبَاكِسْتَانَ؟ پاکستان کا سرکاری نام کیا ہے؟	اَلْإِسْمُ الرَّسْمِيُّ هُوَ: جُمْهُوْرِيَّةُ بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةُ پاکستان کا سرکاری نام، اسلامی جمہوریہ پاکستان ہے۔
مَنْ مُؤَسِّسُ بَاكِسْتَانَ؟ پاکستان کا بانی کون ہے؟	مُؤَسِّسُ بَاكِسْتَانَ هُوَ مُحَمَّدُ عَلِيْ جِنَاحْ پاکستان کے بانی محمد علی جناحؒ ہیں۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ: اِقْرَأْ / اِقْرَئِيْ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةَ بِـ "اَلْ" وَبِدُوْنِ "اَلْ" وَلَاحِظْ / لَاحِظِيْ الْفَرْقَ كَمَا

فِي الْمِثَالِ:

دوسری مشق: مندرجہ ذیل الفاظ کے شروع میں "اَ ل" لگا کر اور پھر ہٹا کر پڑھیں اور فرق معلوم کریں۔

اَلْمِثَالُ: دَوْلَةٌ اَلدَّوْلَةُ

قَارَّةٌ (براعظم)	اَلْقَارَّةُ	إِسْلَامِيَّةٌ (اسلامی)	اَلْإِسْلَامِيَّةُ
أَرْضٌ (زمین)	اَلْأَرْضُ	قَائِدٌ (رہنما)	اَلْقَائِدُ
حَاكِمٌ (گورنر جنرل)	اَلْحَاكِمُ	عَاصِمَةٌ (دارالخلافہ)	اَلْعَاصِمَةُ
مَدِيْنَةٌ (شہر)	اَلْمَدِيْنَةُ	لُغَةٌ (زبان)	اَللُّغَةُ
زِرَاعَةٌ (زراعت)	اَلزِّرَاعَةُ	صِنَاعَةٌ (صنعت)	اَلصِّنَاعَةُ
إِقْلِيْمٌ (صوبہ)	اَلْإِقْلِيْمُ		

جواب: ال لگانے سے تمام اسماء نکرہ اسماء معرفہ میں تبدیل ہو گئے۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ: هَاتِ / هَاتِيْ مُفْرَدَ الْجُمُوْعِ التَّالِيَةِ:

تیسری مشق: مندرجہ ذیل جمع کے مفرد بنائیں۔

دُوَلٌ۔ قَارَاتٌ۔ مُدُنٌ۔ أَقَالِيْمُ۔ كَلِمَاتٌ۔
لُغَاتٌ۔ شُعُوْبٌ۔ أَرَاضٍ۔

مفرد	جمع	مفرد	جمع
دَوْلَةٌ (ملک)	دُوَلٌ	كَلِمَةٌ (لفظ)	كَلِمَاتٌ
قَارَّةٌ (براعظم)	قَارَاتٌ	لُغَةٌ (زبان)	لُغَاتٌ
مَدِيْنَةٌ (شہر)	مُدُنٌ	شَعْبٌ (قوم)	شُعُوْبٌ
إِقْلِيْمٌ (صوبہ)	أَقَالِيْمُ	أَرْضٌ (زمین)	أَرَاضٍ

اَلتَّدْرِيْبُ الرَّابِعُ: أَجِبْ / أَجِيْبِيْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ التَّالِيَةِ ثُمَّ إِسْأَلْ / إِسْأَلِيْ بِهَا عَنِ الْآخَرِيْنَ:

چوتھی مشق: مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیں اور دوسرے ہم جماعت دوستوں سے پوچھیں۔

(۱) مَا مَعْنٰى كَلِمَةِ بَاكِسْتَانَ؟ پاکستان کا کیا معنی ہے؟
جواب: مَعْنٰى كَلِمَةِ بَاكِسْتَانَ "اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ"
اس کا معنی ہے پاک سرزمین

(۲) هَلْ أَنْتَ بَاكِسْتَانِيٌّ؟ / هَلْ أَنْتِ بَاكِسْتَانِيَّةٌ؟
کیا تم پاکستانی ہو؟
جواب: نَعَمْ أَنَا بَاكِسْتَانِيٌّ ؟ / نَعَمْ أَنَا بَاكِسْتَانِيَّةٌ ؟
ہاں میں پاکستانی ہوں۔

(۳) هَلْ بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ؟ کیا پاکستان اسلامی مملکت ہے؟
جواب: نَعَمْ، بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ۔
ہاں! پاکستان اسلامی مملکت ہے۔

(٤) مَا اسْمُ مُؤَسِّسِ بَاكِسْتَانَ؟ بانی پاکستان کا کیا نام ہے؟
جواب: إِسْمُ مُؤَسِّسِ بَاكِسْتَانَ "مُحَمَّد عَلِي جِنَاح"۔
بانی پاکستان کا نام "محمد علی جناح" ہے۔

(۵) أُذْكُرْ / أُذْكُرِيْ أَسْمَاءَ بَعْضِ الْمُدُنِ الْكُبْرٰى فِيْ بَاكِسْتَانَ۔
پاکستان کے بڑے شہروں کے نام لکھیں۔
جواب: اَلْمُدُنُ الْكُبْرٰى هِيَ: كَرَاتْشِيْ، لَاهُوْرَ، بِشَاوَر، فَيْصَلَ آبَاد، كُوَيْتَه۔
پاکستان کے بڑے شہر، کراچی، لاہور، پشاور، فیصل آباد اور کوئٹہ ہیں۔

اَلتَّدْرِيْبُ الْخَامِسُ: اِقْرَأْ / اِقْرَئِيْ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ وَمَيِّزْ / مَيِّزِيْ بَيْنَ الْجُمْلَةِ الْإِسْمِيَّةِ وَالْجُمْلَةِ الْفِعْلِيَّةِ:

پانچویں مشق: مندرجہ ذیل جملوں کو پڑھیں اور جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ کے درمیان فرق کریں۔

(۱) بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ إِسْلَامِيَّةٌ۔ — الجملة الإسمية
پاکستان اسلامی ملک ہے۔

(۲) تَقَعُ بَاكِسْتَانُ فِيْ جَنُوْبِ قَارَّةِ آسِيَا۔ — الجملة الفعلية
پاکستان براعظم ایشیا کے جنوب میں واقع ہے۔

(۳) هٰذِهِ دَوْلَةٌ زِرَاعِيَّةٌ۔ — الجملة الإسمية
یہ زرعی ملک ہے۔

(٤) عَاصِمَةُ بَاكِسْتَانَ هِيَ إِسْلَامَ آبَاد۔ — الجملة الإسمية
پاکستان کا دارالخلافہ اسلام آباد ہے۔

(۵) تَنْقَسِمُ بَاكِسْتَانُ إِدَارِيًّا إِلٰى أَرْبَعَةِ أَقَالِيْمَ۔ — الجملة الفعلية
انتظامی لحاظ سے پاکستان چار صوبوں میں منقسم ہے۔

اَلتَّدْرِيْبُ السَّادِسُ: ضَعْ / ضَعِيْ عَلَامَةَ (✓) أَمَامَ التَّثْنِيَةِ الصَّحِيْحَةِ لِكُلِّ إِسْمٍ كَمَا فِي الْمِثَالِ۔

چھٹی مشق: مثال کے مطابق مناسب تثنیہ کے سامنے (✓) کا نشان لگائیں۔

اَلْمِثَالُ:

مُؤَسِّسٌ (بانی)	☐ مُؤَسِّسْتَانِ	☑ مُؤَسِّسَانِ	☐ مُؤَسِّسُوْنَ
إِسْمٌ (نام)	☑ إِسْمَانِ	☐ إِسْمُوْنَ	☐ أَسْمَاءٌ
دَوْلَةٌ (ملک)	☐ دُوَلٌ	☐ دُوَلَانِ	☑ دَوْلَتَانِ
إِقْلِيْمٌ (صوبہ)	☐ إِقْلِيْمَتَانِ	☑ إِقْلِيْمَانِ	☐ إِقْلِيْمَاتٌ
مَدِيْنَةٌ (شہر)	☑ مَدِيْنَتَانِ	☐ مَدِيْنَانِ	☐ مَدِيْنَةٌ
لُغَةٌ (زبان)	☑ لُغَتَانِ	☐ لُغَاتٌ	☐ لُغَتُوْنَ
شَعْبٌ (قوم)	☐ شَعْبَتَانِ	☑ شَعْبَانِ	☐ شُعُوْبٌ
نِظَامٌ (نظام)	☑ نِظَامَانِ	☐ نِظَامَتَانِ	☐ نِظَامَاتٌ
حَاكِمٌ (گورنر جنرل)	☐ حَاكِمَتَانِ	☐ حَاكِمُوْنَ	☑ حَاكِمَانِ

معروضی سوالات

Knowledge, Understanding, & Analysis محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس کی روشنی میں مرتب کیے گئے سوالات

☆ درست جواب کا انتخاب کریں۔

1- بَاكِسْتَانُ دَوْلَةٌ ——۔
(A) إِسْلَامِيَّةٌ ■ (B) بَارْلِيْمَانِيَّةٌ (C) عَوَامِيَّةٌ (D) جُمْهُوْرِيَّةٌ

2- بَاكِسْتَانُ تَقَعُ فِيْ جَنُوْبِ قَارَّةِ ——۔
(A) أَفْرِيْقِيَّةَ (B) آسِيَا ■ (C) أَمْرِيْكَةَ (D) أُوْرُوْبَا

3- تَنْقَسِمُ بَاكِسْتَانُ إِلٰى —— أَقَالِيْمَ۔
(A) ثَلَاثَةِ (B) أَرْبَعَةِ ■ (C) خَمْسَةِ (D) سِتَّةِ

4- عَاصِمَةُ بَاكِسْتَانَ ہے۔
(A) مرکب مطلی (B) مرکب اضافی ■ (C) مرکب توصیفی (D) مرکب عددی

5- اَلْمُدُنُ کا واحد ہے۔
(A) مُدْنَةٌ (B) مُدْنَانِ (C) مَدِيْنَةٌ ■ (D) مَدِيْنِيْنَ

6- مَكَانَةٌ عَالِيَةٌ مرکب ہے۔
(A) توصیفی ■ (B) اضافی (C) عددی (D) مطلی

7- دَوْلَةٌ کی تثنیہ ہے۔
(A) دَوْلَانِ (B) دَوْلَتَانِ ■ (C) دَوْلَتَيْنِ (D) دَوْلَاتٌ

8- مَعْنٰى كَلِمَةِ بَاكِسْتَانَ۔
(A) اَلْأَرْضُ الطَّاهِرَةُ ■ (B) اَلْأَرْضُ الْإِسْلَامِيَّةُ
(C) اَلْأَرْضُ الرَّحْمَةُ (D) اَلْأَرْضُ الْخَالِدَةُ

9- مَدِيْنَةُ إِسْلَامَ آبَاد هِيَ:
(A) إِقْلِيْمُ بَاكِسْتَانَ (B) عَاصِمَةُ بَاكِسْتَانَ ■
(C) مِيْنَاءُ بَاكِسْتَانَ (D) مَطَارُ بَاكِسْتَانَ

10- اَللُّغَةُ الْأُرْدِيَّةُ هِيَ —— لِلشَّعْبِ الْبَاكِسْتَانِيِّ۔
(A) اَللُّغَةُ الرَّسْمِيَّةُ (B) اَللُّغَةُ الْحُكُوْمِيَّةُ
(C) اَللُّغَةُ الْقَوْمِيَّةُ ■ (D) اَللُّغَةُ الْمَحَلِّيَّةُ

☆ مختصر جواب تحریر کریں۔

(۱) مَا هُوَ الْإِسْمُ الرَّسْمِيُّ لِبَاكِسْتَانَ؟
جواب: اَلْإِسْمُ الرَّسْمِيُّ هُوَ: جُمْهُوْرِيَّةُ بَاكِسْتَانَ الْإِسْلَامِيَّةُ۔

(۲) أُكْتُبْ أَسْمَاءَ الدُّوَلِ الْمُجَاوِرَةِ لِبَاكِسْتَانَ۔
جواب: اَلدُّوَلُ الْمُجَاوِرَةُ لِبَاكِسْتَانَ هِيَ: أَفْغَانِسْتَانُ إِيْرَانُ، اَلْهِنْدُ وَالصِّيْنُ۔

(۳) مَتٰى إِسْتَقَلَّتْ بَاكِسْتَانُ؟
جواب: إِسْتَقَلَّتْ بَاكِسْتَانُ فِي الرَّابِعِ عَشَرَ مِنْ شَهْرِ أُغُسْطُسْ سَنَةَ أَلْفٍ وَتِسْعِ مِائَةٍ وَسَبْعٍ وَأَرْبَعِيْنَ۔

(٤) أُكْتُبْ أَسْمَاءَ أَقَالِيْمِ بَاكِسْتَانَ۔
جواب: أَقَالِيْمُ بَاكِسْتَانَ هِيَ إِقْلِيْمُ بَنْجَاب وَسِنْدِ وَخَيْبَر بَخْتُوْن خَوَاه وَبَلُوْشِسْتَان۔

(۵) مَا هِيَ عَاصِمَةُ بَاكِسْتَانَ؟
جواب: إِسْلَامَ آبَاد هِيَ عَاصِمَةُ بَاكِسْتَانَ۔

(٦) مَا هِيَ اللُّغَةُ الْقَوْمِيَّةُ لِلشَّعْبِ الْبَاكِسْتَانِيِّ؟
جواب: اَللُّغَةُ الْقَوْمِيَّةُ لِلشَّعْبِ الْبَاكِسْتَانِيِّ هِيَ اللُّغَةُ الْأُرْدِيَّةُ۔

(٧) مَا هِيَ مَكَانَةُ بَاكِسْتَانَ بَيْنَ الدُّوَلِ الْإِسْلَامِيَّةِ وَالْعَالَمِيَّةِ؟
جواب: لِبَاكِسْتَانَ مَكَانَةٌ عَالِيَةٌ بَيْنَ الدُّوَلِ الْإِسْلَامِيَّةِ وَالْعَالَمِيَّةِ۔

(٨) پاکستان کس براعظم میں واقع ہے؟
جواب: پاکستان براعظم ایشیا میں واقع ہے۔

اَلدَّرْسُ الْعَاشِرُ (دسواں سبق)

مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ (مکہ مکرمہ)

مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ	مَدِيْنَةٌ مُقَدَّسَةٌ۔	مَكَّةُ	مَرْكَزُ الثَّقَافَةِ	لِلْعَالَمِ الْإِسْلَامِيِّ
مکہ مکرمہ	مقدس شہر	مکہ	ثقافت کا مرکز	عالم اسلام کے لیے

مکہ مکرمہ مقدس شہر ہے۔ مکہ اسلامی دنیا کی ثقافت کا مرکز ہے۔

مَكَّةُ	بَلَدٌ عَظِيْمٌ	وَفِيْ	مَكَّةَ	بَيْتُ اللّٰهِ تَعَالٰى۔
مکہ	عظیم شہر	اور میں	مکہ	اللہ تعالیٰ کا گھر

مکہ ایک عظیم شہر ہے۔ مکہ میں اللہ کا گھر ہے۔

مَكَّةُ	بَلَدٌ تَارِيْخِيٌّ	وَرَدَ	ذِكْرُ	مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ	فِي
مکہ	تاریخی شہر	وارد ہوا ہے	ذکر	مکہ المکرمہ	میں

مکہ ایک تاریخی شہر ہے۔ مکہ مکرمہ کا

الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ۔	لِمَكَّةَ	أَسْمَاءٌ	كَثِيْرَةٌ،	مِنْهَا:
قرآن کریم	مکہ کے	نام (جمع)	بہت زیادہ	ان میں سے ہیں

ذکر قرآن مجید میں بھی آیا ہے۔ مکہ کے بہت سے نام ہیں:

أُمُّ الْقُرٰى،	بَكَّةُ،	اَلْبَلَدُ الْأَمِيْنُ۔	وُلِدَ	نَبِيُّنَا	مُحَمَّدٌ
أم القریٰ،	بکہ،	البلد الامین	پیدا ہوئے	ہمارے نبی	محمد

جن میں سے أم القریٰ، بکہ اور البلد الامین ہیں۔ ہمارے نبی

رَسُوْلُ اللّٰهِ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ	بِمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ
رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ	مکہ مکرمہ میں

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔

بَدَأَتِ	الدَّعْوَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ	مِنْ	مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ	يَذْهَبُ	الْمُسْلِمُوْنَ
شروع ہوئی	اسلامی دعوت	سے	مکہ مکرمہ	جاتے ہیں	مسلمان

اسلامی دعوت کا آغاز مکہ مکرمہ سے ہوا۔ مسلمان ہر سال

إِلٰى	مَكَّةَ	كُلَّ عَامٍ	لِأَدَاءِ الْحَجِّ	تُوْجَدُ	فِيْ	مَكَّةَ
کی طرف	مکہ	ہر سال	حج ادا کرنے کے لیے	پائے جاتے ہیں	میں	مکہ

حج ادا کرنے کے لیے مکہ جاتے ہیں۔ مکہ میں بہت سی مقدس جگہیں

اَلْأَمَاكِنُ الْمُقَدَّسَةُ	وَهِيَ:	اَلصَّفَا	وَالْمَرْوَةُ،	وَعَرَفَاتُ،
مقدس جگہیں	اور وہ ہیں۔	صفا	اور مروہ،	اور عرفات،

پائی جاتی ہیں۔ جیسے: صفا، مروہ، عرفات،

وَالْمُزْدَلِفَةُ	وَمِنٰى۔	تَقَعُ	مَكَّةُ	فِي	الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السُّعُوْدِيَّةِ۔
اور مزدلفہ،	اور منیٰ۔	واقع ہے	مکہ	میں	مملکہ عربیہ سعودیہ۔

مزدلفہ، اور منیٰ۔ مکہ مملکت سعودی عرب میں واقع ہے۔

تَبْعُدُ	مَكَّةُ	عَنِ	الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ	حَوَالَيْ	أَرْبَعِ مِائَةِ	
دور ہے	مکہ	سے	مدینہ منورہ	تقریباً	چار سو	

مکہ مدینہ منورہ سے چار سو کلومیٹر

كِيْلُوْمِتْرٍ،	وَعَنْ	مَدِيْنَةِ	الطَّائِفِ	حَوَالَيْ	مِائَةٍ وَعِشْرِيْنَ	
کلومیٹر،	اور سے	شہر	طائف	تقریباً	ایک سو بیس	

اور شہر طائف سے ایک سو بیس کلومیٹر،

كِيْلُوْمِتْرًا،	وَعَنْ	جَدَّةَ	حَوَالَيْ	إِثْنَيْنِ وَسَبْعِيْنَ	كِيْلُوْمِتْرًا	
کلومیٹر،	اور سے	شہر	تقریباً	بہتر	کلومیٹر۔	

اور جدہ سے تقریباً بہتر کلومیٹر دور ہے۔

أَقْرَبُ	مِيْنَاءٍ	لِمَكَّةَ	الْمُكَرَّمَةِ	هُوَ:	مِيْنَاءُ	
سب سے قریب	بندرگاہ	مکہ کی	مکرمہ	ہے،	بندرگاہ	

مکہ مکرمہ سے قریب ترین بندرگاہ

جَدَّةَ،	وَأَقْرَبُ	مَطَارٍ	هُوَ	مَطَارُ	الْمَلِكِ عَبْدِالْعَزِيْزِ	
جدہ،	اور سب سے قریب	ایئر پورٹ	ہے	ایئر پورٹ	ملک عبدالعزیز	

جدہ کی اور قریب ترین ایئر پورٹ

الدُّوَلِيّ	وَفِيْ	مَكَّةَ	طُرُقٌ	وَاسِعَةٌ،	وَأَنْفَاقٌ	
انٹرنیشنل۔	اور میں	مکہ	راستے	کشادہ	اور سرنگیں	

شاہ عبدالعزیز انٹرنیشنل ایئر پورٹ ہے۔ مکہ میں کشادہ

كَبِيْرَةٌ۔	وَتُوْجَدُ	فِيْ	مَكَّةَ	التَّسْهِيْلَاتُ	الْحَدِيْثَةُ	
بڑی	اور پائی جاتی ہیں	میں	مکہ	سہولیات	جدید	

راستے اور بڑی بڑی سرنگیں ہیں۔ مکہ میں جدید سہولیات جیسے

مِنَ	الْمُوَاصَلَاتِ،	وَالْكَهْرَبَاءِ	وَالْمَاءِ	وَالْهَاتِفِ	مَكَّةُ	مِنَ	الْمُدُنِ
سے	ٹرانسپورٹ	اور بجلی،	پانی،	ٹیلی فون۔	مکہ	سے	شہروں

ٹرانسپورٹ، بجلی، پانی، اور ٹیلی فون پائے جاتے ہیں۔ مکہ کا شمار

الْكَبِيْرَةِ	فِيْ	الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السُّعُوْدِيَّةِ	لِمَكَّةَ	شَأْنٌ عَظِيْمٌ،	
بڑے	میں	مملکت سعودی عربیہ	مکہ کی	بڑی شان	

سعودی عرب کے بڑے شہروں میں ہوتا ہے۔ مکہ کی بڑی شان ہے۔

أَقْسَمَ	اللّٰهُ تَعَالٰى	بِهٰذَا	الْبَلَدِ الْمُبَارَكِ،	وَكَانَ	رَسُوْلُ اللّٰهِ	
قسم کھائی	اللہ تعالیٰ	اس	مبارک شہر	اور تھے	رسول اللہ	

اللہ نے اس مبارک شہر کی قسم کھائی

خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ	يُحِبُّ	مَكَّةَ	كَثِيْرًا۔		
خاتم النبیین ﷺ	پسند کرتے	مکہ	بہت زیادہ		

اور رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ بھی مکہ کو بہت پسند کرتے تھے۔

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيْدَةُ:

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
عَامٌ	سال	ثَقَافَةٌ	ثقافت
وُلِدَ	پیدا ہوئے	مِيْنَاءٌ	بندرگاہ
مَطَارٌ	ایئر پورٹ	حَوَالَيْ	تقریباً
أَنْفَاقٌ	سرنگیں	تَسْهِيْلَاتٌ	سہولیات
اَلْكَهْرَبَاءُ	بجلی	اَلْهَاتِفُ	ٹیلی فون
بَدَأَتْ	شروع ہوئی		

اَلتَّدْرِيْبَاتُ (مشقیں)

اَلتَّدْرِيْبُ الْأَوَّلُ: أَجِبْ / أَجِيْبِيْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ:

پہلی مشق: مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیں۔

١۔ هَلْ وَرَدَ ذِكْرُ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ فِي الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ؟
کیا مکہ کا تذکرہ قرآن میں آیا ہے؟

جواب: نَعَمْ، وَرَدَ ذِكْرُ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ فِي الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ،
ہاں، مکہ مکرمہ کا ذکر قرآن مجید میں آیا ہے۔

٢۔ أُذْكُرْ / أُذْكُرِيْ ثَلَاثَةً مِنْ أَسْمَاءِ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ۔
مکہ مکرمہ کے تین نام ذکر کریں۔

جواب: أُمُّ الْقُرٰى، بَكَّةُ، اَلْبَلَدُ الْأَمِيْنُ۔ ام القریٰ، بکہ، البلد الامین۔

٣۔ مِنْ أَيْنَ بَدَأَتِ الدَّعْوَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ؟
اسلامی دعوت کا آغاز کہاں سے ہوا؟

جواب: بَدَأَتِ الدَّعْوَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ مِنْ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ۔
اسلامی دعوت کا آغاز مکۃ المکرمۃ سے ہوا۔

٤۔ أَيْنَ تَقَعُ مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ؟ مکہ مکرمہ کہاں واقع ہے؟

جواب: تَقَعُ مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ فِي الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السُّعُوْدِيَّةِ۔
مکہ مکرمہ مملکت سعودی عرب میں واقع ہے۔

٥۔ أُذْكُرْ / أُذْكُرِيْ ثَلَاثَةً مِنَ الْأَمَاكِنِ الْمُقَدَّسَةِ فِيْ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ۔
مکہ مکرمہ کی تین مقدس جگہوں کے نام لکھیں۔

جواب: اَلصَّفَا وَالْمَرْوَةُ، عَرَفَاتُ وَالْمُزْدَلِفَةِ۔
صفا مروہ، عرفات، اور مزدلفہ۔

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّانِيْ: رَتِّبْ / رَتِّبِيْ الْكَلِمَاتِ لِتُصْبِحَ جُمَلًا مُفِيْدَةً كَمَا فِي الْمِثَالِ:

دوسری مشق: مثال کے مطابق الفاظ کو ترتیب دیں تا کہ صحیح جملے بن جائیں۔

اَلْمِثَالُ: الثَّقَافَةِ۔ مَرْكَزُ۔ مَكَّةُ۔ الْإِسْلَامِيِّ۔ لِلْعَالَمِ۔
مَكَّةُ مَرْكَزُ الثَّقَافَةِ لِلْعَالَمِ الْإِسْلَامِيِّ۔

١۔ تَارِيْخِيَّةٌ ـ مَكَّةُ ـ مَدِيْنَةٌ۔
جواب: مَكَّةُ مَدِيْنَةٌ تَارِيْخِيَّةٌ۔ (مکہ تاریخی شہر ہے۔)

٢۔ اَلْكَعْبَةُ ـ فِيْ ـ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ ـ تُوْجَدُ۔
جواب: تُوْجَدُ الْكَعْبَةُ فِيْ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ۔ (کعبۃ اللہ مکہ مکرمہ میں ہے۔)

٣۔ كُلَّ ـ يَذْهَبُ ـ عَامٍ ـ إِلٰى ـ الْمُسْلِمُوْنَ ـ مَكَّةَ
جواب: يَذْهَبُ الْمُسْلِمُوْنَ كُلَّ عَامٍ إِلٰى مَكَّةَ۔
(مسلمان ہر سال مکہ جاتے ہیں۔)

٤۔ طُرُقٌ ـ وَ ـ مَكَّةَ ـ وَاسِعَةٌ ـ فِيْ۔
جواب: وَ فِيْ مَكَّةَ طُرُقٌ وَاسِعَةٌ۔ (مکہ میں کشادہ راستے ہیں۔)

٥۔ مَدِيْنَةٌ ـ هٰذِهٖ ـ كَبِيْرَةٌ۔
جواب: هٰذِهٖ مَدِيْنَةٌ كَبِيْرَةٌ۔ (یہ بڑا شہر ہے۔)

اَلتَّدْرِيْبُ الثَّالِثُ: إِمْلَأْ / إِمْلَئِيْ الْفَرَاغَاتِ التَّالِيَةَ بِمَا يُنَاسِبُهَا مِنَ الْكَلِمَاتِ مِنَ الْقَائِمَةِ:

تیسری مشق: کالم سے مناسب لفظ تلاش کر کے خالی جگہوں کو پُر کریں۔

بِمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ
٤٠٠
طُرُقٌ
أَسْمَاءٌ
اَلْمُسْلِمُوْنَ

١۔ لِمَكَّةَ .... كَثِيْرَةٌ۔
٢۔ فِيْ مَكَّةَ .... وَاسِعَةٌ وَأَنْفَاقٌ كَبِيْرَةٌ۔
٣۔ يَذْهَبُ .... إِلٰى مَكَّةَ كُلَّ عَامٍ۔
٤۔ تَبْعُدُ مَكَّةُ عَنِ الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ حَوَالَيْ .... كِيْلُوْمِتْرًا۔
٥۔ وُلِدَ نَبِيُّنَا مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ .... ۔

جوابات: (ا) أَسْمَاءٌ۔ (٢) طُرُقٌ۔ (٣) اَلْمُسْلِمُوْنَ۔
(٤) ٤٠٠ (٥) بِمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ

اَلتَّدْرِيْبُ الرَّابِعُ: كَوِّنْ / كَوِّنِيْ جُمَلًا مُفِيْدَةً مِنَ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ:

چوتھی مشق: مندرجہ ذیل الفاظ سے جملے بنائیں۔

مُقَدَّسَةٌ (مقدس)۔ اَلْعَالَمُ (دنیا)۔ مِيْنَاءٌ (بندرگاہ)۔
مَطَارٌ (ایئر پورٹ)۔ أَسْمَاءٌ (نام)۔ اَلْهَاتِفُ (ٹیلی فون)۔

جواب: مُقَدَّسَةٌ: اَلْمَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ مَدِيْنَةٌ مُقَدَّسَةٌ۔
مکہ مکرمہ مقدس شہر ہے۔

اَلْعَالَمُ: مَكَّةُ مَرْكَزُ الْعَالَمِ الْإِسْلَامِيِّ۔ مکہ عالم اسلام کا مرکز ہے۔

مِيْنَاءٌ: مِيْنَاءُ كَرَاتْشِيْ مِنْ أَكْبَرِ الْمِيْنَاءِ فِيْ بَاكِسْتَانَ۔
کراچی بندرگاہ پاکستان کی سب سے بڑی بندرگاہ ہے۔

مَطَارٌ: رَأَيْتُ الطَّائِرَةَ عَلَى الْمَطَارِ۔ میں نے ایئر پورٹ پر جہاز دیکھا۔

أَسْمَاءٌ: لِمَكَّةَ عِدَّةُ أَسْمَاءٍ۔ مکہ کے کئی نام ہیں۔

اَلْهَاتِفُ: أَسْتَعْمِلُ الْهَاتِفَ فِي الْبَيْتِ۔ میں گھر میں ٹیلی فون استعمال کرتا ہوں۔

اَلتَّدْرِيْبُ الْخَامِسُ: إِقْرَأْ / إِقْرَئِيْ وَلَاحِظْ / لَاحِظِيْ الْفَرْقَ فِي الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةِ:

پانچویں مشق: مندرجہ ذیل کلمات کو غور سے پڑھیں اور فرق بتائیں

صیغہ واحد متکلم	صیغہ واحد مذکر غائب	صیغہ واحد مذکر حاضر	صیغہ واحد مؤنث غائب
أَنَا أَذْهَبُ	هُوَ يَذْهَبُ	أَنْتَ تَذْهَبُ	هِيَ تَذْهَبُ
میں جاتا ہوں	وہ جاتا ہے	تو جاتا ہے	وہ جاتی ہے
أَنَا كَتَبْتُ	هُوَ كَتَبَ	أَنْتَ كَتَبْتَ	أَنْتِ كَتَبْتِ صیغہ واحد مؤنث حاضر
میں نے لکھا	اس نے لکھا	تو (مرد) نے لکھا	تو (عورت) نے لکھا

اَلتَّدْرِيْبُ السَّادِسُ: صِلْ / صِلِيْ الْمُفْرَدَ بِجَمْعِهٖ كَمَا فِي الْمِثَالِ:

چھٹی مشق: مفرد کو جمع سے ملائیں۔

اَلْمُفْرَدُ	اَلْجَمْعُ	جواب
طَرِيْقٌ	أَنْفَاقٌ	طُرُقٌ
نَبِيٌّ	مُدُنٌ	أَنْبِيَاءُ
مَدِيْنَةٌ	أَمَاكِنُ	مُدُنٌ
مَرْكَزٌ	بِلَادٌ	مَرَاكِزُ
بَلَدٌ	أَنْبِيَاءُ	بِلَادٌ
مَكَانٌ	طُرُقٌ	أَمَاكِنُ
نَفَقٌ	مَرَاكِزُ	أَنْفَاقٌ

معروضی سوالات

محکمہ تعلیم کی نئی امتحانی تکنیکس Knowledge, Understanding, & Analysis کی روشنی میں مرتب کیے گئے سوالات

☆ درست جواب کا انتخاب کریں۔

1- "مَدِيْنَةٌ مُقَدَّسَةٌ" کا معنی ہے۔
(A) پاکیزہ شہر (B) پاکیزہ ملک (C) پاکیزہ گاؤں (D) پاکیزہ محلہ

2- فِيْ مَكَّةَ بَيْتُ .... ۔
(A) رَسُوْلِ اللّٰهِ (B) اللّٰهِ تَعَالٰى (C) النَّاسِ (D) لَاأَحَدٌ

3- وُلِدَ نَبِيُّنَا .... بِمَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ۔
(A) عیسیٰ علیہ السلام (B) موسیٰ علیہ السلام (C) نوح علیہ السلام
(D) مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

4- يَذْهَبُ .... إِلٰى مَكَّةَ كُلَّ عَامٍ لِأَدَاءِ الْحَجِّ۔
(A) النَّصْرَانِيُّوْنَ (B) الْمُسْلِمُوْنَ (C) الْأَخْبَارُ (D) الْمُشْرِكُوْنَ

5- تُوْجَدُ فِيْ .... الصَّفَا، وَالْمَرْوَةُ۔
(A) مَدِيْنَةٌ (B) مَكَّةَ (C) طَائِفَ (D) جِدَّةَ

6- تَبْعُدُ مَكَّةُ عَنِ الْمَدِينَةِ الْمُنَوَّرَةِ حَوَالَيْ ——— مِائَةِ كِيلُومِتْرٍ۔
(A) أَرْبَعِ (B) خَمْسِ (C) تِسْعَةِ (D) سَبْعَةِ

7- "اَلتَّسْهِيلَاتُ" کی واحد ہے۔
(A) تَسْهِيلٌ (B) تَسْهِيلَةٌ (C) تَسَاهِيلُ (D) تَسْهِيلَاتٌ

8- بَدَأَتِ الدَّعْوَةُ الْإِسْلَامِيَّةُ۔
(A) مِنْ عَرَفَاتَ (B) مِنْ مَكَّةَ (C) مِنْ مَدِينَةَ (D) مِنْ مُزْدَلِفَةَ

☆ مختصر جواب تحریر کریں۔

(۱) مَا هِيَ أَهَمِّيَّةُ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ؟
جواب: مَكَّةُ الْمُكَرَّمَةُ مَدِينَةٌ مُقَدَّسَةٌ وَمَرْكَزُ الثَّقَافَةِ لِلْعَالَمِ الْإِسْلَامِيِّ

(۲) أَيْنَ وُلِدَ نَبِيُّنَا ﷺ؟
جواب: وُلِدَ نَبِيُّنَا ﷺ فِي مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ۔

(۳) لِمَ يَذْهَبُ الْمُسْلِمُونَ إِلَى مَكَّةَ؟
جواب: يَذْهَبُ الْمُسْلِمُونَ إِلَى مَكَّةَ لِأَدَاءِ الْحَجِّ۔

(٤) مَا هُوَ أَقْرَبُ مِينَاءٍ لِمَكَّةَ؟
جواب: أَقْرَبُ مِينَاءٍ هُوَ: مِينَاءُ جُدَّةَ۔

(٥) مَاذَا تَعْرِفُ عَنْ مَطَارِ الْمَلِكِ عَبْدِ الْعَزِيزِ؟
جواب: هُوَ أَقْرَبُ مَطَارٍ لِمَكَّةَ۔

اَلدَّرْسُ الْحَادِيْ عَشَرَ (گیارھواں سبق)

اَلْبَرِيدُ (ڈاک)

يَاسِرٌ:	اَلسَّلَامُ	عَلَيْكُمْ	وَرَحْمَةُ اللّٰهِ۔
یاسر:	سلامتی	تم پر	اور اللہ کی رحمت

یاسر: السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ

اَلْمُوَظَّفُ:	وَعَلَيْكُمُ	السَّلَامُ	وَرَحْمَةُ اللّٰهِ	وَبَرَكَاتُهُ
ملازم:	اور تم پر بھی	سلامتی	اور اللہ کی رحمت	اور اس کی برکات

ملازم: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ و برکاتہ

يَاسِرٌ:	أُرِيدُ	أَنْ أُرْسِلَ	هٰذِهِ الرِّسَالَةَ	إِلٰى	كَرَاتْشِي
یاسر:	میں چاہتا ہوں	کہ	یہ خط	طرف	کراچی

یاسر: میں یہ خط کراچی بھیجنا چاہتا ہوں۔

اَلْمُوَظَّفُ:	هَلْ	كَتَبْتَ	الْعُنْوَانَ؟
ملازم:	کیا	تو نے لکھا	پتا؟

ملازم: کیا آپ نے پتا لکھا ہے؟

يَاسِرٌ:	نَعَمْ	كَتَبْتُ	كَمِ	التَّكْلِفَةُ؟
یاسر:	ہاں	میں نے لکھا	کتنا	خرچ؟

یاسر: ہاں میں نے لکھا ہے۔ خط بھیجنے کا خرچ کتنا ہے؟

اَلْمُوَظَّفُ:	ثَمَانِيْ رُوبِيَّاتٍ	بِالْبَرِيدِ الْعَادِيْ
ملازم:	آٹھ روپے	عام ڈاک کے ساتھ

ملازم: آٹھ روپے عام ڈاک کے

وَثَلَاثُونَ رُوبِيَّةً	بِالْبَرِيدِ	الْمُسَجَّلِ
اور تیس روپے	ڈاک کے ساتھ	رجسٹرڈ

اور تیس روپے رجسٹرڈ ڈاک کے

يَاسِرٌ:	أُرِيدُ	بِالْبَرِيدِ	الْعَادِيْ۔
یاسر:	میں چاہتا ہوں	ڈاک کے ساتھ	عام

یاسر: میں عام ڈاک سے بھیجنا چاہتا ہوں۔

اَلْمُوَظَّفُ:	هَاتِ	ثَمَانِيْ رُوبِيَّاتٍ۔
ملازم:	لاؤ	آٹھ روپے

ملازم: تو پھر آٹھ روپے لائیے۔

يَاسِرٌ:	تَفَضَّلْ،	مَتٰى	تَصِلُ	الرِّسَالَةُ	إِلٰى	كَرَاتْشِي؟
یاسر:	لیجیے،	کب	پہنچے گا	خط	طرف	کراچی؟

یاسر: لیجیے، یہ خط کراچی کب پہنچے گا؟

اَلْمُوَظَّفُ:	تَصِلُ	بَعْدَ	ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ	إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔
ملازم:	وہ پہنچا	بعد	تین دن	اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا

ملازم: تین دن کے بعد ان شاء اللہ پہنچ جائے گا۔

يَاسِرٌ:	كَيْفَ	تَصِلُ	هٰذِهِ	الرِّسَالَةُ	إِلٰى	كَرَاتْشِي؟
یاسر:	کیسے	پہنچتا ہے	یہ	خط	طرف	کراچی؟

یاسر: یہ خط کراچی کیسے پہنچتا ہے؟

اَلْمُوَظَّفُ:	يَذْهَبُ	الْبَرِيدُ	بِالْقِطَارِ	أَوْ
ملازم:	جاتی ہے	ڈاک	ریل	یا

ملازم: کراچی ڈاک ریل یا جہاز

بِالطَّائِرَةِ	إِلٰى	كَرَاتْشِي۔
جہاز کے ذریعے	طرف	کراچی

کے ذریعے جاتی ہے۔

يَاسِرٌ:	كَيْفَ	يَجِدُ	أَخِيْ	هٰذِهِ	الرِّسَالَةَ؟
یاسر:	کیسے	وہ پاتا ہے	میرا بھائی	یہ	خط

یاسر: میرا بھائی یہ خط کیسے وصول کرے گا؟

اَلْمُوَظَّفُ:	سَاعِي الْبَرِيدِ	يُوَصِّلُ	رِسَالَتَكَ	إِلٰى	أَخِيكَ۔
ملازم:	ڈاکیا	پہنچاتا ہے	تمہارا خط	تک	تمہارا بھائی

ملازم: ڈاکیا تمہارا یہ خط تمہارے بھائی کو پہنچا دے گا۔

يَاسِرٌ:	مَا هِيَ	التَّسْهِيلَاتُ	الْأُخْرٰى	فِيْ	مَكْتَبِ الْبَرِيدِ؟
یاسر:	کیا ہیں	سہولیات	دیگر	میں	ڈاک خانہ

یاسر: ڈاک خانہ میں اور دیگر سہولیات کیا ہوتی ہیں؟

اَلْمُوَظَّفُ:	يُمْكِنُ	أَنْ تَدْفَعَ	الْوَاجِبَاتِ الْحُكُومِيَّةَ	هُنَالِكَ
ملازم:	ممکن ہے	کہ ادا کریں	حکومتی واجب الادا	وہاں

ملازم: ڈاکخانہ میں حکومت کی واجب الادا رقمیں بھی ادا کی جاسکتی ہیں۔

يَاسِرٌ:	شُكْرًا
یاسر:	شکریہ

یاسر: شکریہ

اَلْمُوَظَّفُ:	عَفْوًا
ملازم:	کوئی بات نہیں

ملازم: کوئی بات نہیں

اَلْكَلِمَاتُ الْجَدِيدَةُ:

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اَلْمُوَظَّفُ	ملازم	أُرِيدُ	میں چاہتا ہوں
أُرْسِلُ	میں بھیجوں	رِسَالَةٌ	خط
اَلْعُنْوَانُ	پتا/ایڈریس	بَرِيدٌ	ڈاک
اَلْبَرِيدُ الْعَادِيُّ	عام ڈاک	اَلْبَرِيدُ الْمُسَجَّلُ	رجسٹرڈ ڈاک
هَاتِ	دے دو	اَلتَّكْلِفَةُ	خرچہ
تَصِلُ	وہ پہنچے گا	اَلْقِطَارُ	ریل گاڑی
سَاعِي الْبَرِيدِ	ڈاکیا	اَلطَّائِرَةُ	ہوائی جہاز
تَسْهِيلَاتٌ	سہولیات	تَدْفَعُ	آپ ادا کریں
اَلْوَاجِبَاتُ	واجب الادا	تَفَضَّلْ	لیجیے

اَلتَّدْرِيبَاتُ (مشقیں)

اَلتَّدْرِيبُ الْأَوَّلُ: أَجِبْ / أَجِيبِيْ عَنِ الْأَسْئِلَةِ الْآتِيَةِ:
پہلی مشق: مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

۱- إِلٰى أَيْنَ يُرِيدُ يَاسِرٌ أَنْ يُرْسِلَ الرِّسَالَةَ؟
یاسر خط کہاں بھیجنا چاہتا ہے؟
جواب: يُرِيدُ يَاسِرٌ أَنْ يُرْسِلَ الرِّسَالَةَ إِلٰى كَرَاتْشِي۔
یاسر کراچی خط بھیجنا چاہتا ہے۔

۲- هَلْ كَتَبَ يَاسِرٌ الْعُنْوَانَ؟ کیا یاسر نے پتا لکھا؟
جواب: نَعَمْ، كَتَبَ يَاسِرٌ الْعُنْوَانَ۔ ہاں، یاسر نے پتا لکھا۔

۳- مَتٰى تَصِلُ الرِّسَالَةُ إِلٰى كَرَاتْشِي؟ خط کراچی کب پہنچے گا؟
جواب: تَصِلُ الرِّسَالَةُ إِلٰى كَرَاتْشِي بَعْدَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ۔
خط تین دن بعد کراچی پہنچ جائے گا۔

٤- كَيْفَ يَصِلُ الْبَرِيدُ إِلٰى كَرَاتْشِي؟
کراچی ڈاک کس طرح پہنچتی ہے؟
جواب: يَصِلُ الْبَرِيدُ بِالْقِطَارِ أَوِ الطَّائِرَةِ۔
ڈاک کراچی ریل گاڑی یا ہوائی جہاز کے ذریعے پہنچتی ہے۔

٥- مَنْ يُوَصِّلُ الرِّسَالَةَ إِلٰى أَخِيْ يَاسِرٍ؟
یاسر کے بھائی کے پاس خط کون پہنچاتا ہے؟
جواب: سَاعِي الْبَرِيدِ يُوَصِّلُ الرِّسَالَةَ إِلٰى أَخِيْ يَاسِرٍ؟
ڈاکیا یاسر کے بھائی کو خط پہنچاتا ہے۔

اَلتَّدْرِيبُ الثَّانِيْ: صِلْ / صِلِيْ بَيْنَ قَائِمَةِ (أ) مَا يُنَاسِبُهُ فِيْ قَائِمَةِ (ب):
دوسری مشق: کالم (الف) کے مناسب جملے کالم (ب) سے ملائیں۔

(أ)	(ب)
أُرِيدُ أَنْ أُرْسِلَ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ	اَلْعَادِيْ
هَلْ كَتَبْتَ الْعُنْوَانَ؟	تَصِلُ بَعْدَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ
مَتٰى تَصِلُ الرِّسَالَةُ إِلٰى كَرَاتْشِي؟	ثَمَانِيْ رُوبِيَّاتٍ بِالْبَرِيدِ الْعَادِيْ
كَمْ أُجْرَةُ إِرْسَالِ الرِّسَالَةِ؟	نَعَمْ، كَتَبْتُ الْعُنْوَانَ۔
أُرِيدُ بِالْبَرِيدِ	إِلٰى كَرَاتْشِي

جواب:

(أ)	(ج)
أُرِيدُ أَنْ أُرْسِلَ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ	إِلٰى كَرَاتْشِي
میں یہ خط پہنچانا چاہتا ہوں	کراچی
هَلْ كَتَبْتَ الْعُنْوَانَ؟	نَعَمْ، كَتَبْتُ الْعُنْوَانَ۔
کیا تم نے پتا لکھا؟	ہاں، میں نے پتا لکھا
مَتٰى تَصِلُ الرِّسَالَةُ إِلٰى كَرَاتْشِي؟	تَصِلُ بَعْدَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ
کراچی خط کب پہنچے گا؟	تین دن کے بعد پہنچے گا
كَمْ أُجْرَةُ إِرْسَالِ الرِّسَالَةِ؟	ثَمَانِيْ رُوبِيَّاتٍ بِالْبَرِيدِ الْعَادِيْ
خط بھیجنے کا کیا خرچ ہے؟	عام ڈاک کے ذریعے بھیجنے کے آٹھ روپے ہیں۔
أُرِيدُ بِالْبَرِيدِ	اَلْعَادِيْ
میں ڈاک سے بھیجنا چاہتا ہوں۔	عام

اَلتَّدْرِيبُ الثَّالِثُ: رَتِّبْ / رَتِّبِيْ الْكَلِمَاتِ لِتُصْبِحَ جُمَلًا مُفِيدَةً كَمَا فِي الْمِثَالِ:
تیسری مشق: مثال کے مطابق کلمات کو ترتیب دے کر جملے بنائیں۔
اَلْمِثَالُ: مَتٰى ــ كَرَاتْشِي ــ الرِّسَالَةُ ــ إِلٰى ــ تَصِلُ

مَتٰى تَصِلُ الرِّسَالَةُ إِلٰى كَرَاتْشِي؟

١۔ عَلَى _ الْعُنْوَانَ _ هَلْ _ كَتَبْتَ _ الرِّسَالَةِ۔

جواب: هَلْ كَتَبْتَ الْعُنْوَانَ عَلَى الرِّسَالَةِ؟
(کیا تم نے خط پر پتا لکھا ہے؟)

٢۔ أَنْ _ الْعَادِي _ أُرِيْدُ _ بِالْبَرِيْدِ _ أُرْسِلَ۔

جواب: أُرِيْدُ أَنْ أُرْسِلَ بِالْبَرِيْدِ الْعَادِي۔
(میں عام ڈاک سے بھیجنا چاہتا ہوں۔)

٣۔ يُوَصِّلُ _ أَخِيْكَ _ إِلٰى _ سَاعِي الْبَرِيْدِ _ الرِّسَالَةَ۔

جواب: سَاعِي الْبَرِيْدِ يُوَصِّلُ الرِّسَالَةَ إِلٰى أَخِيْكَ۔
(ڈاکیا تمہارے بھائی کو خط پہنچا دے گا۔)

٤۔ اَلْوَاجِبَاتَ _ تَدْفَعَ _ أَنْ _ اَلْحُكُوْمِيَّةَ۔

جواب: أَنْ تَدْفَعَ الْوَاجِبَاتَ الْحُكُوْمِيَّةَ۔
(تم حکومتی واجبات ادا کر سکتے ہو۔)

اَلتَّدْرِيْبُ الرَّابِعُ: تَـرْجِـمْ / تَرْجِمِي الْجُمَلَ الْآتِيَةَ إِلَى اللُّغَةِ الْأُرْدِيَّةِ:

چوتھی مشق: مندرجہ ذیل جملوں کا اُردو میں ترجمہ کریں۔

	عربی جملے	اُردو ترجمہ
١۔	أُرِيْدُ أَنْ أَكْتُبَ رِسَالَةً۔	میں ایک خط لکھنا چاہتا ہوں۔
٢۔	أُرِيْدُ أَنْ أُرْسِلَ بَرِيْدًا۔	میں ڈاک بھیجنا چاہتا ہوں۔
٣۔	أُرِيْدُ أَنْ أَقْرَأَ كِتَابًا۔	میں کتاب پڑھنا چاہتا ہوں۔
٤۔	أَوَدُّ أَنْ أَذْهَبَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ۔	میں سکول جانا چاہتا ہوں۔
٥۔	أَوَدُّ أَنْ أَفْهَمَ الدَّرْسَ۔	میں سبق سمجھنا چاہتا ہوں۔
٦۔	أَوَدُّ أَنْ أَذْهَبَ إِلَى الْحَدِيْقَةِ۔	میں باغیچے میں جانا چاہتا ہوں۔

